پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون:۲۴۱۹۸۰۰۰ ایکسٹنشن:۸۸۲۲

فیکس: ۸۶۲۹ / ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ : http://newdelhi.usembassy.gov

شعبۂ امور عامہ
سفارتخانہ امریکا

امریکی ہپ ہاپ ڈانس گروپ

راجدھانی میں اپنے فن کا مظاہرہ کرے گا

نئی دلی ۱۹/جون : امریکا کے نوجوان فنکاروں کا گروپ ہاویکورو (Havikoro) رقص کے ذریعہ مثبت اور نشہ کی لعنت سے پاک زندگی گزارنے کے اپنے پیغام کی ترسیل کرتا ہے۔ ہوسٹن کا یہ گروپ اس وقت وجود میں آیا جب چند دوستوں نے اپنی آبادیوں میں منشیات کے استعمال اور تشدد جیسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے بجائے رقص کا انتخاب کیا۔ نوجوانوں میں اپنے پیغام کی ترسیل کے لئے یہ گروپ ان دنوں راجدھانی دلی میں ہے۔ ۲۰۰۰ء میں اپنے قیام کے بعد سے اس پانچ نفری گروپ نے زبردست مقبولیت حاصل کی ہے اور انکو مشہور و معروف فنکاروں یا رقص گروپوں جیسے ڈیسٹینیز چائلڈ (Destiny's Child)، کولیو (Coolio) اور بلیک آئیڈ پیز (Black Eyed Peas) کے ساتھ اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کا موقع ملا ہے۔

یہ گروپ ۲۲/جون، جمعرات کو سینٹر اسٹیج مال نوئیڈہ میں عوامی طور پر اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ ساتھ دلی میں تین مقامات پر رقص پیش کرے گا۔ امریکی سفارتخانہ اور امریکن انفارمیشن ریسورس سنٹر کے تحت شائع ہونے والے اسپین میگزین نے اس گروپ کے ڈانس شوز کا اہتمام کیا ہے جس کا مقصد ہندوستانی نوجوانوں تک مثبت اور صاف ستھری زندگی کے پیغام کو پہنچانا ہے۔

اسپین میگزین کی ایڈیٹر ان چیف کورینا سینڈرس کے مطابق ''ہم لوگ معروف امریکی ثقافت کو ہندوستان میں پیش کرتے ہوئے کافی پر جوش ہیں۔ ہاویکورو کا رقص تفریح فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مثبت زندگی کے پیغام کو بھی فروغ دیتا ہے جو آج کے نوجوانوں کے لئے، خواہ وہ ہندوستان کے ہوں یا امریکا کے، انتہائی مناسب ہے۔''

☆☆☆☆☆